LIFESAVING SOCIETY®
The Lifeguarding Experts

محترم والدین/سرپرست،

آپ کے بچے/بچی نے حال ہی میں اسکول میں لائف سیونگ سوسائٹی (Lifesaving Society) کے **سویم ٹو سروائیو® (Swim to Survive®)** پروگرام کو مکمل کیا ہے۔
Swim to Survive غیر متوقع طور پر گہرے پانی میں گر جانے پر زندہ بچنے کے لیے درکار تین لازمی اہلیتوں کی تربیت فراہم کرتا ہے۔

Swim to Survive پانی کے آس پاس محفوظ رہنے کے سلسلے میں ایک اہم قدم ہے۔ یہ تیراکی کے روایتی اسباق کو بدلنے کے ارادے سے نہیں ہے۔

آپ کے بچے/بچی کو Swim to Survive کی ایک سند ملے گی جس میں درج ذیل اہلیتوں میں اس کی اہلیت کی سطح کی تفصیل ہوگی:

- **گہرے پانی میں غوطہ لگا سکتا/سکتی ہے**
- **پانی میں 1 منٹ تک چل سکتا/سکتی ہے**
- **____ میٹر تک تیر سکتا/سکتی ہے**
- **اس نے Swim to Survive اسٹینڈرڈز (مسلسل ترتیب میں 3 اہلیتیں) حاصل کر لی ہیں**
- **اس نے Swim to Survive اسٹینڈرڈ پورا نہیں کیا ہے**

سند پر درج سطح سے قطع نظر، لائف سیونگ سوسائٹی **سبھی** طلباء کو اس اقل معیار سے آگے تیراکی سیکھنے کی ترغیب دیتی ہے۔ اپنے علاقے میں تیراکی کے اسباق کے لیے کس طرح اور کہاں پر اندراج کروائیں اس بارے میں معلومات کے لیے براہ کرم اپنے بچے/بچی کی سند کی پشت پر دیکھیں۔

بہت سارے تالاب اہل خاندانوں کو تیراکی کے پروگراموں تک وسیع تر رسائی حاصل کرنے میں مدد کے لیے مالی تعاون پیش کرتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اپنے مقامی تالاب سے رابطہ کریں۔

پروگرام کی ایک تشخیص آن لائن دستیاب ہے اور آپ کے تاثرات حد درجہ قابل ستائش ہوں گے۔ اس تشخیص تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، براہ کرم www.lifesavingsociety.com پر لائف سیونگ سوسائٹی کی ویب سائٹ کے Swim to Survive کے ہوم پیج پر "پیرنٹ مٹیریل" ("والدین کے لیے مواد") ملاحظہ کریں۔

اگر آپ کو مزید معلومات درکار ہے یا زندہ بچنے سے متعلق اس تربیتی پروگرام کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم بلا جھجک مجھ سے براہ راست 416-490-8844 پر رابطہ کریں یا biancaf@lifeguarding.com پر ای میل کریں۔

مخلص،

Bianca Fazzari
پبلک ایجوکیشن کوآرڈینیٹر

رجسٹرڈ چیریٹی نمبر 10809 7270 RR0001

400 Consumers Road
Toronto, Ontario M2J 1P8 Canada

ٹیلیفون: 416-490-8844 فیکس: 416-490-8766
ای میل: expers@lifeguarding.com
www.lifesavingsociety.com